No. of Printed Pages : 6 **BUDAE-182**

# B.A. (HONS.) (URDU)

# (BAUDH)

## Term-End Examination

## June, 2026

## BUDAE-182 : Study of Urdu Progressive Poetry

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ سبھی سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ ہر سوال کے نمبر سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ ترقی پسند تحریک کا تعارف اور اس کے پس منظر کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔ ۲۰

یا

ترقی پسند تحریک اور اردو نظم پر اس کے اثرات کا تفصیلی جائزہ پیش کیجیے۔

۲۔ فیض احمد فیضؔ کے حالات زندگی اور ان کی نظم ''صبح آزادی'' کا تجزیہ پیش کیجیے۔ ۲۰

یا

ترقی پسند تحریک سے اردو غزل کے موضوعات میں کیا تبدیلیاں آئیں ؟ اس سے متعلق اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

(حصہ ب)

۳۔ فراق گورکھپوری کی نظم ''جدائی'' کے موضوع پر سیر حاصل بحث کیجئے۔ ۱۵

یا

اسرار الحق مجاز کے سوانحی کوائف اور ان کی شاعری کے نمایاں پہلوؤں پر روشنی ڈالیے۔

۴۔ جوش ملیح آبادی کی نظم ''حالات حاضرہ'' میں سماجی مسائل کو کس طرح پیش کیا گیا ہے؟ اس پر سیر حاصل گفتگو کیجیے۔ ۱۵

یا

علی سردار جعفری کی غزلوں میں رومانی اور سماجی موضوعات کا کیا امتزاج پایا جاتا ہے؟ تفصیل سے لکھیے۔

(حصہ ج)

۵۔ ترقی پسند تحریک کے اہم نظریات پر بحث کیجیے۔ ۱۰

یا

جوش ملیح آبادی کے سوانحی کوائف بیان کیجیے۔

۶۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نظم کا تجزیہ پیش کیجیے۔ ۱۰

(الف) مزدور کا گیت

(ب) ہاتھوں کا ترانہ

۷۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح مع سیاق و سباق کیجئے۔ ۱۰

نگاہ ناز نے پردے اٹھائے ہیں کیا کیا
حجاب اہل محبت کو آئے ہیں کیا کیا

جہاں میں تھی بس اک افواہ تیرے جلووں کی

چراغ دیر و حرم جھلملائے ہیں کیا کیا

کہیں چراغ کہیں گل کہیں دل برباد

خرام ناز نے فتنے اُٹھائے ہیں کیا کیا

پیام حسن پیام جنوں پیام فنا

تری نگہ نے فسانے سنائے ہیں کیا کیا

یا

کمال عشق ہے دیوانہ ہو گیا ہوں میں

یہ کس کے ہاتھ سے دامن چھڑا رہا ہوں میں

تمھیں تو ہو جسے کہتی ہے ناخدا دنیا

بچا سکو تو بچالو کہ ڈوبتا ہوں میں

بتانے والے وہیں پر بتاتے ہیں منزل

ہزار بار جہاں سے گزر چکا ہوں میں

کبھی یہ زعم کہ تو مجھ سے چھپ نہیں سکتا

کبھی یہ وہم کہ خود بھی چھپا ہوا ہوں میں

××××××××